06/04/2026
07.40 PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
خبروں کا بلیٹن لےکر میں تجمل اندرابی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز
*........ آسام ، کیرلم اور پدوچری میں چناؤمہم عروج پر //سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام میں چناؤ جلسے سے کیا خطاب۔
*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں SRO43 اسسٹنس اسکیم اور Rehablitation کے تحت 124امید واروں میں تعیناتی آڈر کئے تقسیم ۔

*........ بھارتیہ جنتا پارٹی آج منا رہی ہے اپنا 47واں یوم تاسیس ۔
اور
*........ ملک میں غذائی اجناس، رسوئی گیس اور پیٹرولیم اشیاءکا وافر سٹاک موجود // مرکزی سرکار ۔

مودی چناؤ
آسام ، کیرلم اور پدوچری میں چناؤ مہم آخری مراحل میں ہے اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے سر کردہ لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے بھر پور کوشش کر رہے ہیں۔ان دونوں ریاستوں اور مرکز کے زیر اہتمام علاقے میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم کل ختم ہو رہی ہے۔ وزیر اعظم اور BJPکے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج صبح آسام کے Barpeta میں ایک بڑے جلسے عام سے خطاب کیا ۔ وزیر اعظم مودی نے کہاکہ گذشتہ دس سال امن اور ہم آہنگی قائم کرنے کیلئے وقف تھے اور آنے والے وقت میں خوشحالی میں اضافہ ہوگا۔...........Modi........
اُدھر کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی نے آج پدو چری میں Lawspet کے مقام پر انتخابی ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ ان کی پارٹی نے پدو چری کو مکمل ریاست کا درجہ دینا کا تہیہ کر رکھا ہے ۔

عمر عبداللہ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں SRO43 اسسٹنس اسکیم اور Rehablitation کے تحت جموں صوبے سے تعلق رکھنے والے 124امید واروں میں تعیناتی کے آڈر تقسیم کئے ۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر ان کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقرریاں مشکل کی اس گھڑی کے دوران انہیں معاونت کرنے اور ان کی زندگیوں میں استحکام لانے کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے ۔ انہوں نے تعینات کئے گئے افراد پر زور دیا کہ وہ تن دہی اور لگن کے ساتھ کام کرکے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔

اس موقعے پروزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ ارہامہ گاندربل میں پیش آئے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات ہونی چاہیے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتےہوئے انہوں نے کہاکہ اس معاملے میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی جانب سے اپنایا جانے والا طرز عمل صحیح ہے اور اب ہمیں تحقیقات کے نتائج کا انتظار کرنا چاہیئے۔

وفود

دریں اثنا جموں میں آج متعدد وفود اور اہم شخصیات نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے اپنے علاقوں کے مسائل ان کی نوٹس میں لائے ۔
وزیر اعلیٰ نے وفود کے مسائل غور سے سُنے اور یقین دلایاکہ اجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

سکینہ

ہائر اسکنڈری اسکول جموں میں شجر کاری   SRML صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتونے کے ایک بڑی مہم کا آغاز کیا ۔ایک پودا لگانے کے بعد انہوننے طلباءپر زور دیاکہ وہ ماحولیاتی توازن کو بر قرار رکھنے اور اپنے گرد نواح میں جاذبیت کو بر قرار رکھنے میں اپنا رول ادا کریں ۔ انہوں نے کہا کہ اس مہم کے تحت جموں کشمیر کے اسکولوں ، اسپتالوں اور کالجوں میں اڑھائی لاکھ سے زائد پودے لگائے جا رہے ہیں۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے تعلیم اور سماجی اصلاحات کے شعبے میں جامع محمدیہ قاسم العلوم کے رول کی ستائش کی ہے ۔ آج سیری خواجہ پونچھ میں اس ادارے کے دور ے کے دوران وزیر موصوف نے کہاکہ یہ ادارہ دانشمندی کو تقویت بخشنے نیز سماجی بیداری پیدا کرنے کیلئے بھر پور کوششیں کر رہا ہے ۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایمپلائمنٹ گارنٹی ایکٹ کے تحت ہاتھ میں لئے گئے آبپاشی کوہلوں کی صفائی اور چھوٹے آبپاشی پروجیکٹوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں۔

یوم تاسیس

بھارتیہ جنتا پارٹی آج اپنا 47واں یوم تاسیس منا رہی ہے ۔ اس تعلق سے ملک بھر میں خصوصی تقاریب کا اہتمام کیا جارہا ہے جن میں ملک کے سماجی و سیاسی منظر نامے میں پارٹی کے بے مثال رول کو اُجاگر کیا جا رہا ہے۔
لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی کے علاوہ پارٹی کے ایک اور سینئر لیڈر امت شاہ BJP سینئر کے یوم تاسیس کے موقعے پر کارکنوں کو مبارکباد دی BJP نےNitin Nabin کے صدرBJPاور ہے ۔ ایک ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم نے کہاکہ پارٹی نے ہمیشہ انڈیافسٹ کے اصول پر کار فرما ہوتے ہوئے سماجی خدمت کو ترجیح دی ۔انہوں نے کہا کہ پارٹی بہتر حکمرانی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

............PM........

امت شاہ

امت شاہ نے اس موقعے کہا کہ پارٹی نے مختلف سیکٹروں میں کئی اہم وعدونکو پورا کیا ۔ انہوں نے ہر ایک فرد پر زور دیاکہ وہ ملک کو ترقی یافتہ بنانے کیلئے متحد ہو کر کام کریں ۔

ست شرما

کے یوم تاسیس کے سلسلے میں آج جموں کشمیر بھر میں متعدد تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔اس BJP تعلق سے پارٹی ہیڈ کواٹر جموں ،مختلف اضلاع ، منڈل دفتروں اور بوتھ سطح پر منعقدہ تقریب

کے دوران پارٹی پرچم کو لہرایا گیا۔جموں میں پارٹی کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں تقریب منعقد ہوئی ۔ انہوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی قوم پرستی کے جذبے کے تحت سماج کے ہر ایک طبقے کی فلاح و بہبود کیلئے کام کر رہی ہے ۔ انہوں نے کارکنوں پر زو ر دیا کہ وہ زمینی سطح پر پارٹی کو مستحکم کرنے اور وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں ۔

اس موقعے پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

اندرابی

نیشنل ایگزیکٹو ممبر ، سینئر لیڈر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر BJP سیددرخشاں اندرابی نے پارٹی کے یوم تاسیس کے موقعے پر لوگوں کومبارکباد دیتے ہوئے کہاہے کو دنیا کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی کا درجہ حاصل ہے ۔ انہوں نے وزیراعظم نریندر BJP کہ مودی کی قیادت میں ملک کے ترقیاتی سفر کو اجا گر کیا۔

........Andrabi(BJP Day)...........

انہوں نے پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں خواتین کیلئے33فیصد ریزرویشن کے معاملے کو حوصلہ افزا قرار دیا۔

........(Reservation)....Andrabi...........

الطاف ٹھاکر

جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے پارٹی کے یوم تاسیس پر پارٹی کارکنوں اور اس BJP کے حمایتوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پارٹی قوم پرستی اور اقدار پر Sarva Dharma Sambhavاور قومی یکجہتی ، جمہوریت ، گاندھیائی سوشلزم ، مبنی سیاست جیسے اصولوں پر قائم ہوئی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

مشرا

مرکزی سرکار نے یقین دلایا ہے کہ مغربی ایشیاءمیں پر تناؤ حالات کے باوجود بھارت میں غذائی اجناس کا وافر سٹا ک موجود ہے۔ آج نئی دلی میں مغربی ایشیاءکی ابھرتی ہوئی صورتحال پر بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے امور صارفین محکمے کی ایڈیشنل سیکریٹری انوپم مشرا نے کہا کہ ایشیاءضروریہ کی قیمتیں اعتدال پر ہیناور حکومت اشیاءکی قیمتوں اور سپلائی پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں ۔ انہوننے کہا کہ ملک میں اس وقت 6سو2لاکھ میٹر ک ٹن غذائی اجناس موجود ہیں۔

گیس

قدرتی گیس اور پیٹرولیم کی مرکزی وزرات نے کہا ہے کہ وسطی ایشا بحران کے باجود ملک کے صارفین کو پیٹرولیم کی دستیابی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں تاہم صارفین سے کہا گیا ہے کہ وہ ایل پی جی سلینڈروں کی بکنگ کےلئے ڈیجیٹل طریقوں کا استعمال کریں اور جب تک ضروری نہ ہو ڈسٹری بیوٹرز کے پاس جانے سے گریز کریں۔
وزارت نے کہا ہے کہ کالا بازاری کو روکنے کے لئے Authentication Code Delivery ڈسٹری بیوشن LPGمتعارف کیا گیا ہے۔وزارت نے مزید کہا 5کلوگرام کے چھوٹے سلنڈر قریبی مراکزپر دستیاب ہیں اور کسی بھی شناختی ثبوت کے بغیر خریدے جا سکتے ہیں۔

چیف سیکریٹری

کی عمل آوری کے نقشِ راہ کا جائزہ لینے کی UCF چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اربن چلینج فنڈ غرض سے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ متعلقہ محکموں کو سکیم کے رہنما خطوط کے عین مطابق پروجیکٹوں کی نشاندہی کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سکیم میں شہری مراکز کے معیار کو تبدیل کرنے کی زبردست صلاحیت موجود ہے اور جموں کشمیر کو اس اسکیم سے فائدہ اٹھا کر شہری علاقوں کو سہولیات سے لیس اورعوام دوست بنانا چاہیے۔

BJPمیٹنگ

جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر BJP گنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈروں کی موجود میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر اربن لوکل باڈیز اور پنچایتی راج سیلز کی میٹنگ کی صدارت کی اور پنچایتی راج چناؤکے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کارکنوں اور لیڈروں پر زور دیاکہ وہ آنے والے پنچایتی انتخابات کیلئے تیار رہیں۔ انہوں نے مزید کہاکہ اس بات کو یقینی بنایاجانا چاہئے کہ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی سرکار کی بہبودی اسکیموں کے فوائد یکسان طور پر لوگوں کے پاس پہنچیں۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیرایڈوکیٹ شوکت احمدمیر نے آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر ترال سے آئے ہوئے نوجوانوں کے ایک وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ موجودہ سرکار ترال علاقے کی مجموعی ترقی کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوننے کہا کہ اس سلسلے میں حال ہی میں وزیر اعلیٰ نے ترال میں منی سیکریٹریٹ کے قیام کو منظوری دی ۔

شاہین

جنتا دل یونائیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے موجودہ حکومت پر الزام لگایاہے کہ وہ لوگوں کے معاملات اور مسائل حل کرنے میننا کام ہوئی ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہاکہ ترقی اور بہترحکمرانی کے بار بار کے دعوؤں کے باوجود زمینی سطح پر صورتحال کچھ مختلف ہے۔

کپواڑہ

کپواڑہ کے ڈپٹی ضلع چناؤ آفیسر پیر زادہ ممتاز احمد نے کہا ہے کہ انتظامیہ اس وقت چناؤفہرستوں میں نئے ووٹروں کا اندراج کر رہی ہے ۔ انہوں نے تمام نئے ووٹروں جن کی عمر

18برس یا اس سے زیادہ ہے سے اپیل کی ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں میں اپنی رجسٹریشن کو یقینی بنائیں ۔ آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

ایوارڈ

کشمیر کی ثقافتی اور ادبی دنیا میں ایک اہم پیش رفت کے طور "دی کشمیری ایجوکیشن، کلچر اینڈ سائنس سوسائٹی "نے اپنا قائم کردہ نیا " پروفیسر ہری کرشن کول ایوارڈ" ممتاز ناول نگار اور ڈارمہ نویس ڈاکٹر سوہن لال کول کو عطا کیا ہے۔
یہ ایوارڈ انہیں کشمیری فِکشن میں ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں دیا گیا۔ اعزازی تقریب لل دید آڈیٹوریم گریٹر کیلاش نئی دلی میں منعقد ہوئی ۔

شاہراہ

سرینگرجموں قومی شاہراہ پر آج ٹریفک کی آمد رفت کیلئے بند رہی ۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ کرول چندر کوٹ کے مقام پر باری پسیاں گر آنے کے باعث شاہراہ مکمل طور سے گاڑیوں کی آوا جائی کیلئے بند ہو گئی۔ تاہم آج صبح بحالی کا کام شروع کیا سڑک بنائی گئی ۔ جس کے بعد وہاں پر درماندہ گاڑیوں کو ایک ایک Lane گیاجس دوران وہانسنگل کرکے اپنی منزلوں کی طرف جانے کی اجازت دی گئی، جبکہ بیچ بیچ میں پتھر گر آنے کی وجہ سے بحالی کے کام اور گاڑیوں کی نقل و حمل میں رکاوٹیں پیش آئیں ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے بلاور کھٹوعہ میں سوشل ویلفیئر محکمے میں تعینات کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیاہے-Des Raj جونیئر اسسٹنٹ

کشمیر پولیس

کراسنگ سوپور میں Wagub پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج ایک ڈرگ سمگلر کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔
پولیس نے گاندربل، کولگام اور سوپور میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے کمسٹس اینڈ ڈرگ سٹورز کا معائینہ کیا۔
اونتی پورہ میں دو روزہ پولیس کے ڈائریکٹر جنرلز اور DPL اونتی پورہ کی صدارت میںSSP انسپکٹر جنرلز کانفرنس منعقد ہوئی۔

کاوچکی

شری گورنمنٹ PM وادی کے ایک معروف شاعر اور سماجی کارکن رفیق طاہر کاوچکی نے آج سکینڈری اسکول لہروال پورہ بانڈی پورہ کا دورہ کرکے وہاں طلباءاور فیکلٹی کے ساتھ بات کی ۔ اس موقعے پر انہوں نے طلباءسے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ منشیات جیسی سماجی بدعات سے دور رہ کر اپنا اور اپنے والدین کا نام روشن کریں ۔ انہوں نے اس موقعے پر" نشہ برباد کرتا ہے" کے موضوع پر اپنی نظم بھی پیش کی۔ تقریب پر ایک ایوارڈ یافتہ اُستاد جاوید جواد بھی موجود تھے۔

سکمز

کینسر مریضوں کیلئے سینئر Pediatric شیرکشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ نے فیکلٹی ممبران اور میڈیکل سپر انٹنڈنٹ کی موجودگی میں اندرا گاندھی میموریل ٹولپ گارڈن کی سیر کا اہتمام کیا۔اس سیر کا مقصد ان نونہال بچوں کو باغ گلہ لالہ کی خوبصورتی سے محضوظ

کرانا تھا ۔سیر کے دوران یہ بچے کافی خوش نظر آرہے تھے اور ان کے والدین نے سکمز کی اس پہل کی ستائش کی۔

سکاسٹ ایوارڈ
کے اسسٹنٹ پروفیسر Genetics and Plant Breeding کھڈونی سکاسٹ کشمیر میں MRCFC کے شعبے میں بہترین کام انجام دینے Genetics and Plant Breeding ڈاکٹر شبیر ایچ وانی کو ایوارڈ2026سے نوازا گیا ہے۔ سکاسٹ کشمیر کے وائس Norman E.Borlaug کیلئے ڈاکٹر چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے ڈاکٹر وانی کو یہ اہم ایوارڈ حاصل کرنے کیلئے مبارکباد دی ہے۔

ہماری ذمہ داری
سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔
....(PM)....Byte........
کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک ریڈیو اور ٹی وی ادا کار شہزاد شبیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
Opening Music

Closing Music

راجناتھ
وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ فوجیوں کو بہتر طبی سہولیات دستیاب کرانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔نئی دلی میں آرمی میڈیکل کورکی یوم تاسیس تقریبات کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فوجی مشکل موسمی صورتحال اور ہر ایک صورتحال میں دن اور رات قوم کی خدمت کرتے ہیں۔ انہوں نے ملک کے دیگر حصوں میں بھی ریسرچ اور ریفرل اسپتال جیسی سہولیات قائم کرنے کی ضرور ت پر بھی زور دیا۔
ژالہ بھاری

شوپیان سے ہمارے نمائندے جانثار احمدخبر دی ہے کہ ضلع کے کنڈی بیلٹ کے کئی علاقوں میں آج زبردست ژالہ بھاری ہوئی جس کی وجہ سے
میوہ

---

باغات اور دیگر فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ۔ ئ

موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت19 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 10 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر56منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ